# آپ کا نسب

نسب تحریر کیا ہو اس شہ گردوں مقامی کا
شرف خورشید پاسکتا نہیں جس کی غلامی کا
شہنشاہوں کے دل ہیبت سے جس کے ہوگئے پانی
وہی فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نام ہے جد گرامی کا

آپ کا نسب عالی 27 واسطوں سے امیر المومنین سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے اس طرح متصل ہے:

1۔ حضرت شیخ احمد بن مخدوم 2۔ عبدالاحد بن شیخ 3۔ زین العابدین بن شیخ 4۔ عبدالحیٔ بن شیخ 5۔ حبیب اللہ بن امام 6۔ رفیع الدین بانی قلعہ سرہند شریف بن شیخ 7۔ نصیرالدین بن شیخ 8۔ سلیمان بن شیخ 9۔ یوسف بن شیخ 10۔ اسحاق بن شیخ 11۔ عبداللہ بن شیخ 12۔ شعیب بن شیخ 13۔ احمد بن شیخ 14۔ یوسف بن شیخ 15۔ شہاب الدین معروف بہ فرخ شاہ کابلی بن شیخ 16۔ نصیرالدین بن شیخ 17۔ محمود بن شیخ 18۔ سلیمان بن شیخ 19۔ مسعود بن شیخ 20۔ عبداللہ واعظ اصغر بن شیخ 21۔ عبداللہ واعظ اکبر بن شیخ 22۔ ابوالفتح بن شیخ 23۔ اسحاق بن شیخ 24۔ ابراہیم شیخ 25۔ ناصر بن شیخ 26۔ عبداللہ بن سیدنا 27۔ عمر بن 28۔ الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن 29۔ نفیل بن 30۔ عبدالعزیٰ بن 31۔ رباح بن 32۔ عبداللہ بن قرط 33۔ بن زراح 34۔ بن عدی 35۔

Marfat.com

بن کعب بن لوی۔

کعب کا نسب حضرت ابونا آدم تک بتوسط 40 واسطوں کے منتہی ہوتا ہے اور آنحضرتؐ کا نسب مبارک 7 واسطوں سے کعب تک اس طرح منتہی ہوتا ہے۔ محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبد مناف بن قصی بن کلاب بن مرۃ بن کعب۔

کعب کا زمانہ ظہور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے 560 سال پہلے اور رفع حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے 75 سال بعد تھا کعب کی یہ عادت تھی کہ ہمیشہ قریش کو جمع کر کے وعظ اور پند کیا کرتے اور اپنے فصیح و بلیغ نظموں سے ان کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ظہور کا مشتاق بناتے تھے منجملہ اس کے ایک شعر یہ بھی ہے

**علی غفلہ یاتی النبی محمد**
**فیخبر اخبارا صدوقا خبیرھا**

ترجمہ: تم غفلت ہی میں رہ جاؤ گے اور نبی محمدؐ آجائیں گے اور ایسی سچی خبر سنائیں گے جن سے ان کی سچائی کی تصدیق ہوگی۔

## آپ کے خاندانی حالات

آپ کے جملہ بزرگ چرخ ولایت و عرفان کے آفتاب برج ہدایت ایمان کے ماہتاب تھے۔ چنانچہ امیرالمومنین حضرت فاروق اعظم خلیفہ رسول اللہ ہیں اور عبداللہ جلیل القدر صحابی ہیں جن کی شادی

Marfat.com

